علاقائی   خبریں

25جون 2026

1:10 P.M.

بھارتیہ جنتا پارٹی 25 جون کو "سمودھن قتل دن" کے طور پر منا رہی ہے۔ ملک بھر میں مختلف تقاریب کا انعقاد کیا گیا ہے جس کا مقصد آئین اور جمہوری اقدار کے تحفظ کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے۔ وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ نے لکھنؤ میں ایمرجنسی کی 51 ویں برسی کے موقع پر "سمودھن قتل دن" کے موقع پر ایک پروگرام میں شرکت کی۔ اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ

byte.......

....

شہری ہوا بازی کے مرکزی وزیر کے رام موہن نائڈو نے اج وارانسی کے لال بہادر شاستری بین الاقوامی ہوائی اڈے سے پہلی ای زیڈ کنکٹ پرواز کا افتتاح کیا ۔ دلی کے راستے وارانسی کو دنیا سے جوڑنے والی یہ پہلی ہب اینڈ اسپوک فلائٹ بھارت کے کونے کونے کو دنیا سے بغیر کسی رکاوٹ کے جوڑنے کے مقصد سے شروع کی گئی ہے ۔ ایزی کنیکٹ ماڈل کے تحت مسافر اپنی اخری بین الاقوامی منزل کے لیے چیک ان اپنے شروعاتی ہوائی اڈے پر ہی پوری کر سکتے ہیں۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے مرکزی وزیر نے کہا کہ اس بات سے کوئی فرق نہیں پڑتا ہے کہ آپ بھارت میں کسی بھی شہر میں رہتے ہیں، آپ اپنے بین الاقوامی سفر کا آغاز اپنے شہر سے کر سکتے ہیں۔

Byte.....

....

ایل ڈی اے نے لکھنؤ کے علی گنج آتشزدگی کی محکمہ جاتی جانچ کر کے قصورواروں کی شناخت کر لی ہے۔ لکھنؤ ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے نائب صدر

پرتھمیش کمار نے بتایا کہ جس عمارت میں آگ لگی تھی اس کا نقشہ 2014 میں منظور کیا گیا تھا، اس کے بعد 2016 میں ایل ڈی اے نے معیار پر پورا نہ اترنے پر عمارت کو گرانے کا نوٹس جاری کیا، جسے بعد میں واپس لے لیا گیا۔ محکمہ جاتی انکوائری میں انیس انجینئرز اور چھ پی سی ایس سطح کے افسران کی جانب سے غفلت پائی گئی اور ان کے خلاف کارروائی کی سفارش کی گئی ہے -

آگ میں زخمی ہونے والے سات افراد کو کنگ جارج میڈیکل یونیورسٹی (KGMU) سے علاج کے بعد فارغ کر دیا گیا ہے۔

دریں اثنا، فائر سیفٹی ڈیپارٹمنٹ کی ٹیم ریاست بھر میں کوچنگ اداروں کی مسلسل جانچ کر رہی ہے۔ گوتم بدھ نگر میں سٹی مجسٹریٹ وید پرکاش پانڈے نے کہا کہ معائنہ کے دوران دو کوچنگ انسٹی ٹیوٹ کو سیل کر دیا گیا۔

ایودھیا میں سی ایف او مہندر پرتاپ سنگھ نے کہا کہ ایودھیا انتظامیہ نے کوچنگ انسٹی ٹیوٹ کا معائنہ کرنے کے لیے دو ٹیمیں تشکیل دی ہیں، جو نہ صرف فائر سیفٹی کی جانچ کر رہی ہیں بلکہ لوگوں میں بیداری بھی پیدا کر رہی ہیں۔

....

وزیر اعلی یوگی آدتیہ ناتھ آج سنت کبیر نگر کے دورے پر ہیں۔ یہاں وہ دھنگھٹا تحصیل کے باسواری میں واقع شری بیجوناتھ دھام میں 475 کروڑ روپے سے زیادہ کی 139 ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھیں گے۔ اس کے ساتھ ہی وزیر اعلیٰ پروگرام میں مختلف اسکیموں کے فائضین کو سرٹیفکیٹ بھی تقسیم کریں گے۔

....

ریاستی حکومت نے مظفر نگر ۔ ہریدوار ریجنل ریپڈ ٹرانزٹ سسٹم ار ار ٹی ایس کوریڈور کے لیے ڈی پی ار تیار کرنے کو رضامندی دے دی ہے۔ ریاستی حکومت میں وزیر مملکت کپل دیو اگروال نے بتایا کہ مظفر نگر۔ ہریدوار ار ار ٹی ایس کوریڈور مغربی اتر پردیش کی ترقی کو نئی سمت دینے والا دور اندیش قدم ثابت ہوگا۔

....

محکمہ موسمیات نے کل سے ریاست کے مشرقی اور مغربی حصوں میں موسم خشک رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔ محکمہ نے 28 جون تک مشرقی اتر پردیش میں گرمی کی لہروں کے لیے یلو الرٹ جاری کیا ہے۔ محکمہ کے مطابق آج بھی ریاست بھر میں کہیں کہیں بارش اور گرج چمک کے ساتھ بوچھاریں پڑنے کا امکان ہے۔

....

بھارت میں تاجکستان کے سفیر لکمون بوبوکالونزادہ نے کل رام پور میں رضا لائبریری اور میوزیم کا دورہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہاں محفوظ شدہ نادر نسخے ہندوستان اور تاجکستان کے مشترکہ ثقافتی ورثے کو سمجھنے کے لیے بہت اہم ہیں۔ رضا لائبریری کے ڈائریکٹر پشکر نے کہا کہ تاجکستان اور بھارت کے درمیان ثقافتی اور تعلیمی تعاون کو فروغ دینے کے لیے جلد ہی ایک مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے جائیں گے۔

....